نوٹس برائے 57 واں سالانہ اجلاس عام

ZIL LIMITED

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ZIL Limited کا 57واں سالانہ اجلاس عام بتاریخ ۳۰ اپریل ۲۰۱۷ء بروز جمعرات کو راکس روڈیل، پلاٹ نمبر TC-V، 34، اسٹریٹ، خیابان عمر، فیز V (توسیع)، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان میں صبح 9:00 بجے منعقد کیا جائے گا۔ اجلاس میں درج ذیل امور انجام دیئے جائیں گے۔

عمومی امور:

(۱) ۱۴ جون ۲۰۱۶ء کو ہونے والی غیر معمولی اجلاس عام کے روداد کی تصدیق اور منظوری۔

(۲) ۳۱ دسمبر ۲۰۱۶ء کو ختم شدہ مالیاتی سال کے لئے کمپنی کے آڈٹ شدہ حسابات اور اس کے حوالے سے ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، ان پر غور وخوض اور منظوری۔

(۳) آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین۔

(۴) مالیاتی سال ۲۰۱۶ء کے حوالے سے ڈائریکٹرز کی تجویز کردہ پانچ فیصد حتمی ڈیویڈنڈ کی منظوری۔

خصوصی امور:

(۵) درج ذیل مجوزہ قرارداد پر بطور خصوصی قرارداد غور وخوض اور درست پانے کی صورت میں اس کی ترمیم یا بلا ترمیم منظوری، جس کے تحت کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم، ای ووٹنگ سسٹم کو اختیار کرنے کی غرض سے کی جائے گی جیسا کہ کمپنیز (ای ووٹنگ) ریگولیشنز ۲۰۱۶ء جاری کردہ نوٹیفکیشن SRO-43(1)/2016 مورخہ ۲۳ جنوری ۲۰۱۶ء میں ہدایت کی گئی ہے۔

"قرار پایا کہ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کی جائے، جس کے تحت درج ذیل نئی شقیں ۸۳A(۱) اور (۲) ۹۲ شامل کی جائیں۔

۸۳A : ای ووٹنگ: اجلاس عام میں ممبران اپنی رائے کا اظہار الیکٹرونک طریقے سے بھی کر سکتے

(۱) ہیں، اگر اس سلسلے میں کمپنی کو مطلوبہ درخواست ای ووٹنگ ریگولیشنز ۲۰۱۶ء اور اس میں وقتاً فوقتاً کی جانے والی ترمیم کے تحت موصول ہوتی ہیں تو کمپنی پر لازم ہوگا کہ ای ووٹنگ کے آلہ اور اس میں کی جانے والی ترمیم جو ایس ای سی پی وقتاً فوقتاً کرے، اس کے تحت یہ سہولت فراہم کی جائیں۔ کمپنی کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن میں درج کوئی اور مخالف شق یہاں اثر پزیر نہیں ہوگی۔

(۲) آرٹیکلز میں یکجا مختلف ہوتے ہوئے بھی، ای ووٹنگ کی صورت میں ممبران اور غیر ممبران دونوں بطور پراکسی مقرر کئے جاسکتے ہیں اور اس سلسلے میں تحریری پراکسی فارم کیٹگری کے مجوزہ فارم اور مقررہ دنوں کے اندر کمپنی کو موصول ہوجانا چاہیے۔

۹۲(۲) ای ووٹنگ کا پراکسی فارم تحریری صورت میں درج ذیل شکل کا ہوگا:

میں/ہم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ساکن ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بطور رکن زل لمیٹڈ اور ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حصص کا مالک بمطابق رجسٹر فولیو نمبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سی ڈی سی کھاتہ نمبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اپنی رضامندی سے ای ووٹنگ کو اختیار کرتے ہیں اور بذریعہ ہذا آفیسر ضمیل ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کو بطور پراکسی فارم تقرری کرنے کے رضامند ہیں او کمپنیز (ای ووٹنگ) ریگولیشنز ۲۰۱۶ء کے مطابق ای ووٹنگ پر عمل اور بذریعہ ہذا قراردادوں کے لئے انتخابات کا مطالبہ کرتے ہیں۔ میرا/ ہمارا تحفظ ای میل ایڈریس ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔ براہ مہربانی لاگ ان تفصیلات، خفیہ کوڈ اور الیکٹرانک دستخط بذریعہ ای میل ارسال کریں۔

دستخط ممبر

(دستخط کمپنی کے پاس رجسٹرڈ نمونہ دستخط کے مطابق ہونے چاہئیں)

ہماری موجودگی میں دستخط کئے گئے

دستخط گواہ

دستخط گواہ

"مزید قرار پایا کہ کمپنی سیکریٹری کو اختیار دیا جائے اور زیر بذریعہ ہذا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ تمام ضروری اور اتفاقی اقدامات کریں اور تمام ضروری دستاویزات داخل کریں اور قانونی کاروائیاں عمل کریں جو مذکورہ بالا قرارداد پر عمل درآمد کے لئے ضروری ہوں۔"

(۶) درج ذیل عمومی قرارداد کی منظوری دینا جس کے ذریعے کمپنی کو سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ ("سالانہ آڈٹ شدہ کھاتوں") کی بذریعہ یو ایس بی، ڈی وی ڈی یا سی ڈی ممبران کے رجسٹرڈ پتوں پر ترسیل کرنا جیسا کہ سیکورٹیز ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اجازت دی ہے۔

"قرار پایا کہ آڈٹ شدہ سالانہ مالیاتی گوشواروں، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز رپورٹ ("سالانہ آڈٹ شدہ کھاتوں") کی ممبران کو ان کے رجسٹرڈ پتوں پر سافٹ فارم یعنی یو ایس بی، ڈی وی ڈی یا سی ڈی جیسا کہ بذریعہ SRO No. 470(I)/2016 مورخہ ۳۱ مئی ۲۰۱۶ء میں ایس ای سی پی نے اجازت دی ہے کی ترسیل کی منظوری دی جائے اور دی جاتی ہے۔"

کمپنی کے قانون برائے ۱۹۸۴ء کی شق (b) (1) 160 کے تحت خصوصی امور سے متعلق وضاحتی بیان اور مجوزہ خاص قرارداد اطلاع اجلاس کے ہمراہ حصص داران کو ارسال کیا جارہا ہے۔

بحکم بورڈ

عطاء الرحمن شیخ

کمپنی سیکریٹری

نوٹس:

(۱) کمپنی کے حصص کی منتقلی کی کتابیں ۲۱ اپریل ۲۰۱۷ء سے ۲۷ اپریل ۲۰۱۷ء تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔

(ب) ایسے تمام ممبران جو میٹنگ میں شرکت کرنے اور ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں اپنی جگہ کسی اور فرد کو اپنے نمائندے کے طور پر اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے مقرر کر سکتے ہیں۔ نمائندگی (Proxy) کے موثر ہونے کے لئے لازمی ہے کہ پراکسی فارم اجلاس سے مکمل اکتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس کو موصول ہوجائیں۔

(ج) حصص یافتگان پتہ میں تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کے شیئرز رجسٹرار میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پہلی منزل، ۴۰-سی، بلاک ۶، پی ای سی ایچ ایس، کراچی کو آگاہ کریں۔

(د) سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 مورخہ ۲۶ جنوری ۲۰۰۰ء میں دی گئی اضافی رہنمائی پر بھی عمل کریں۔

(ر) ایس ای سی پی نے واضح حکم دیا ہے کہ تمام لسٹڈ کمپنیز اپنے ڈیویڈنڈ وارنٹ پر حصول کنندہ یا اس کے مجاز نمائندے کا قومی شناختی کارڈ نمبر یا قومی ٹیکس نمبر (کمپنیز کی صورت میں) درج کریں۔ اس سلسلے میں تمام ایسے حصص یافتگان جنہوں نے ابھی تک مرکار معلومات نہیں پہنچائی ہیں سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے تصدیق شدہ قومی شناختی کارڈ کی نقل اوپر دیئے گئے شیئرز رجسٹرار کے پتے پر جلد از جلد پہنچا دیں۔

کمپنی کے قانون مجریہ ۱۹۸۴ء کی شق (b)(1)160 کے تحت خصوصی امور سے متعلق وضاحتی بیان اور مندرجہ ذیل یاداشتی نکات اجلاس عام کے اطلاعی نوٹس کے ہمراہ حصص یافتگان کیلئے ارسال خدمت ہیں۔

☆ قومی شناختی کارڈ کی ترسیل

☆ مالیاتی گوشواروں اور اطلاعی نوٹس برائے اجلاس عام کی برقی ترسیل

☆ منافع کی برقی تقسیم اور حصص یافتگان کے لیگل کی کوئی بحیثیت فائلر/نان فائلر

☆ وڈیو کانفرنس کی اجازت برائے سالانہ اجلاس عام